# 09-02-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔وزیراعظم نریندر مودی نے سیچلس کیلئے 175 ملین ڈالرس پر مشتمل خصوصی مالی پیاکیج کا اعلان کیا ہے۔

۲۔وزیر داخلہ امیت شاہ نے نکسلائٹس سے اپیل کی ہے کہ خودسپردگی اختیار کرتے ہوئے سماج کے اصل دھارے میں شامل ہوجائیں۔

۳۔ تلنگانہ میں بلدی انتخابات کیلئے مہم ختم ہوگئی جبکہ 11 فروری کو ووٹنگ ہوگی۔

اور

۴۔رائے دہی کے دن بااجرت تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔خلاف ورزی پر قانونی کارروائی کی جائے گی۔

## PM- PACKAGE:

وزیراعظم نریندر مودی نے سیچلس کیلئے 175 ملین ڈالرخصوصی مالی پیکیج کا اعلان کیا ہے۔سیچلس کے صدرڈاکٹر پیٹرک ہرمینی کے ساتھ نئی دہلی میں ملاقات کے بعدمشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ اِس پیکیج سے سوشل ہاؤزنگ، ای ای موبائلٹی ، ویکیشنل ٹریننگ، صحت، دفاع اور بحری سلامتی کو مدد ملے گی۔دونوں مما لک میں مختلف شعبوں بشمول صحت،موسمیات، الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹکنالوجی اور

اچھی حکمرانی کے تحت 7 یادداشتِ مفاہمت پر بھی دستخط کئے۔ اِن معاہدوں میں ٹیکنیکل اور سائنٹفک اشتراک بھی شامل ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہندوستان اور سیچلس نہ صرف جغرافیائی طور پر بلکہ تاریخی، باہمی اعتماد اور مستقبل کے مشترکہ نظریہ کے ساتھ ایک دوسرے سے وابستہ ہیں۔

Sound Byte.

NAXALITES:

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے نکسلائٹس سے اپیل کی ہے کہ اپنی سرگرمیوں کو ترک کرتے ہوئے ہتھیار ڈال دیں اور خود کو حوالے کرتے ہوئے سماج کے اصل دھارے میں شامل ہو جائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مکمل انصاف کے ساتھ نکسلائٹس کی بازآبادکاری کو یقینی بنائے گی۔ چھتیس گڑھ کے علاقہ بستر میں جگدل پور میں جوڈویژنل ہیڈکوارٹر ہے، بستر پنڈم فیسٹول کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے انتباہ دیا کہ ایسے نکسلائٹس کو جو اپنی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، بخشا نہیں جائے گا۔ امیت شاہ کے مطابق حکومت کا مقصد قبائلی سماج کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے۔ شاہ نے مزید کہا کہ ماوایزم سے دنیا میں کسی کو بھی فائدہ نہیں ہوتا ہے جبکہ اِس سے صرف تباہی ہوتی ہے۔ بستر کے آرٹ اور کلچر کی ستائش کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ یہاں کی تہذیب ہندوستانی ثقافت سے میل کھاتی ہے۔

Sound Byte

PEDDAPALLI:

پداپلی کی ضلع الیکشن آفیسر کویا سری ہرشانے ووٹنگ کے موقع پر 11 فروری کو پداپلی، سلطان آباد، منتھنی اور راما گنڈم میونسپل کارپوریشن حدود میں تمام ملازمین اور کام کرنے والوں کیلئے باا جرت تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ یہ ہدایت تمام تجارتی دوکانات، اداروں کے علاوہ خانگی وعوامی شعبوں پر نافذ ہوگی۔ رائے دہی صبح 7 بجے سے شام 5 بجے تک ہوگی۔

YADADRI:

یادادری بھونگیر کے ضلع کلکٹر ہنمنت راؤ نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ بلدی انتخابات کے پرامن اور شفاف انعقاد کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔ ضلع کلکٹریٹ میں ایک میٹنگ کے دوران کلکٹر نے کہا کہ رائے دہی کے مراکز پر ضروری سہولتیں فراہم کی جائیں جبکہ خصوصی زمرہ والے رائے دہندوں کی سہولت پر خاص توجہ دی جائے۔ کلکٹر نے یہ ہدایت بھی دی کہ ووٹوں کی گنتی کے مراکز پر بھی مناسب سیکورٹی انتظامات کئے جائیں جہاں سی سی ٹی وی کیمروں کے علاوہ بیر کڈس ہوں۔ انہوں نے عہدیداروں پر اس بات بھی زور دیا کہ اپنی ڈیوٹی بھرپور ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں اور الیکشن کمیشن کے قواعد پر سختی سے عمل پیرا رہیں۔

ELECTION OFFICER:

میدک کے ضلع الیکشن آفیسر وکلکٹر راہول راج نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ بلدی انتخابات کے مرحلہ کو عمدگی کے ساتھ انجام دیا جائے۔ ایک ٹیلی کانفرنس میں انہوں نے یہ ہدایت بھی دی کہ تمام چاروں بلدیات میں تقسیم کے مراکز کیلئے مناسب تعداد میں کاؤنٹرس بنائے جائیں تاکہ انتخابی ارکانِ عملہ کو واضح طور پر رہنمائی مل سکے۔ کلکٹر نے زور دے کر کہا کہ ریٹرننگ آفیسرس اور زونل آفیسرس کو سختی کے ساتھ انتخابی میٹرئیل کی جانچ کرنی ہوگی۔ اس کے علاوہ بلدی عہدیداروں سے کہا گیا ہے کہ متعلقہ مراکز پر پولنگ عملہ کو ضروری سہولتیں فراہم کی جائیں۔ راہول راج نے مزید کہا کہ الیکشن کمیشن کی گائیڈ لائنس پر سختی سے عمل کرنا ضروری ہے۔

PJTAU:

پروفیسر جئے شنکر تلنگانہ اسٹیٹ اگریکلچرل یونیورسٹی حیدرآباد میں آج 56، 57 اور 58 ویں بیاچس کیلئے مشترکہ کانوکیشن کا انعقاد عمل میں آیا۔ وائس چانسلر جانیا نے اِس پروگرام کی صدارت کی۔ جملہ 2744 طلبہ نے اپنی ڈگریاں حاصل کی جبکہ 96 آؤٹ اسٹانڈنگ گریجویٹس کو ان کے شاندار تعلیمی مظاہرہ پر گولڈ مڈلس دئے گئے۔ پروفیسر پربھو پنگلی، ڈائرکٹر ٹاٹا کورنل انسٹیٹیوٹ آف اگریکلچر اینڈ نیوٹریشن نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی اور ملک کے غذائی نظام کی ترقی کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ سبز انقلاب کے ذریعہ جہاں بھوک کے مسئلہ سے کامیابی کے ساتھ نمٹا گیا وہیں ملک کو اب فوڈ سیکورٹی سے تغذیہ کی سلامتی کی طرف بڑھنا ہوگا۔

## CAMPAIGNING ENDS:

تلنگانہ اسٹیٹ الیکشن کمیشن نے آج سرکاری طور پر اعلان کیا ہے کہ ادارہ جاتِ مقامی انتخابات کیلئے آج شام پانچ بجے مہم ختم ہوجائے گی۔ اگلے 48 گھنٹوں تک خاموشی کا مرحلہ نافذ رہے گا۔ اس دوران کوئی بھی شخص کسی طرح کے عوامی جلسہ یا انتخابی ریالیوں کو منعقد نہیں کرسکتا۔ اِس کے علاوہ ٹیلی ویژن، سنیما ٹوگرافی یا اس طرح کے ذرائع کے ذریعہ بھی انتخابی مہم چلانے کی اجازت نہیں رہے گی۔ اِس کے علاوہ موسیقی کے پروگرام، تھیٹریکل ایونٹس یا تفریحی ذرائع سے بھی انتخابی مہم کی اجازت نہیں رہے گی۔ الیکشن کمیشن کے عہدیداروں نے یہ بھی کہا کہ انتخابی مہم کیلئے سوشل میڈیا اور موبائل فون کا استعمال بھی ممنوع رہے گا۔

## E- WASTE:

گورنمنٹ ڈگری کالج سنگاریڈی میں ای ویسٹ مینجمنٹ پر ایک سمینار منعقد کیا گیا۔ یہ سمینار تلنگانہ اکیڈیمی برائے اسکل اور نالج کی جانب سے منعقد ہوا۔ ٹی اے ایس کے، کے ریسورس پرسن ہیمنت نے ماحولیات کے تحفظ کیلئے نوجوانوں کے رول کو اجاگر کیا اور کہا کہ موبائل فون اور کمپیوٹر جیسے الیکٹرانک آلات کے نامناسب استعمال سے صحت کو خطرہ لاحق ہوتا ہے۔ میونسپل پروینا نے ٹکنالوجی کی ترقی کو ایکو حفاظت کے ساتھ توازن رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

ELECTION REVIEW:

عادل آباد کی کلکٹر ہریتا اور ایس پی نیتیکا پنت نے بلدی انتخابات کے پیش نظر سوشل ویلفیر ریسیڈنشیل اسکول میں تقسیم اور گنتی کے مراکز کا معائنہ کیا۔ کلکٹر نے توثیق کی کہ آصف آباد کے 20 وارڈس کیلئے 28 پولنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں اسی طرح کاغذنگر کے 30 وارڈس کیلئے 85 مراکز قائم کئے گئے۔ انتخابی عمل کو عمدگی سے انجام دینے کیلئے ایس پی کی جانب سے 712 عملہ کو مقرر کیا گیا ہے اور 13 فروری تک پولنگ مراکز کے پاس دفعہ 163 نافذ رہے گا۔ عہدیداروں نے تمام تر سیکورٹی انتظامات مکمل کر لئے ہیں اور عوام سے کہا ہے کہ کسی بھی طرح کی مشکوک صورتحال پر اطلاع دی جائے۔

T20 CRICKET:

آئی سی سی مینس T20 ورلڈ کپ میں آج کولکتہ کے ایڈن گارڈنس پر گروپ سی کے ایک میاچ میں اسکاٹ لینڈ میں اٹلی کو 73 رن سے ہرادیا۔ اٹلی کی ٹیم 208 رن کے نشانہ کے تعاقب میں 16.4 اوورس میں 134 رنس پر آل آؤٹ ہوگئی۔ اسکاٹ لینڈ نے ٹاس ہارنے کے بعد پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورس میں 4 وکٹ کھوکر 207 رن بنائے۔ جارج منسے نے سب سے زیادہ 84 رن بنائے جس کیلئے 54 گیندوں کا سامنا کیا۔ مائیکل لیسک کو پانچ گیندوں میں تیز رفتار 22 رن بنانے اور 4 وکٹ حاصل کرنے پر مین آف دی میاچ کا ایوارڈ دیا گیا۔ اسی دوران کولمبو کے سنہالیس اسپورٹس کلپ میں گروپ بی کے تحت زمبابوے اور عمان کے درمیان میاچ کھیلا جارہا ہے۔ آج کا تیسرا میاچ جنوبی آفریقہ اور کینڈا کے درمیان شام 7 بجے سے احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

PCC:

وزیراعظم نریندر مودی نے مقبول عام پروگرام پرکشا پر چرچا پروگرام کے 9 ویں ایڈیشن کے دوران طلبہ کے ساتھ بات چیت کی۔ اس ایپی سوڈ کا دوسرا ویڈیو آج جاری کیا گیا جس میں وزیراعظم کو امتحانات کے دوران دباؤ اور پریشان سے نمٹنے کے طریقہ پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے دیکھا گیا۔ مودی نے اس کے علاوہ امتحانات کے بعد کی صورتحال، اسکلس، اسپورٹس اور اختراعیت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ صنعتوں کے ماہرین سے رابطہ کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ عملی تجربہ حاصل کرنے کی کوشش کی جائے۔

FINANCIAL LITERACY:

کاماریڈی کے کلکٹر آشیش سنگوان نے ریزرو بینک آف انڈیا کے فینانشیل لٹریسی ہفتہ 2026ء کا پوسٹر جاری کیا اور کے وائی سی کے ذریعہ محفوظ بینکنگ پر زور دیا۔ انہوں نے شہریوں سے کہا کہ سی کے وائی سی کو اَپ ڈیڈ کراتے رہیں اور کے وائی سی کے ریکارڈس پر نظر رکھیں تاکہ سائبر دھوکہ دہی سے محفوظ رہا جاسکے۔ یہ ہفتہ 9 تا 13 فروری جاری رہے گا جس میں مختلف اقدامات بشمول ’’ایک بینک برانچ۔ ایک گرام سبھا‘‘ پروگرام بھی شامل رہے گا۔

LS-WOMEN:

کانگریس کے ایم پیز نے لوک سبھا میں وزیراعظم پر حملہ کرنے کے منصوبہ سے متعلق الزامات کوسختی سے مسترد کردیا اور کہا کہ خاتون ارکانِ پارلیمنٹ پر لگائے گئے یہ الزامات پوری طرح بے بنیاد ہیں۔ خاتون، ایم پیز نے لوک سبھا اسپیکر کو ایک خط لکھتے ہوئے ان الزامات کی مذمت کی۔ اِن ارکانِ پارلیمنٹ نے الزام عائد کیا کہ حکومت، 8ارکان کی معطّلی کے ذریعہ اپوزیشن کے پارلیمانی حقوق کو دبا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کا احتجاج پرامن اور جمہوری تھا اور وہ کسی قسم کا تشدد نہیں چاہتی تھی۔

OO